عوامی نمائندوں کے سوالوں کا جواب نہ دینا ایم ایل اے کی توہین

محکمہ سروس پر ڈپٹی اسپیکر راکھی برلا برہم، کمیٹی تشکیل، 48 گھنٹے میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

نئی دہلی (ایس این بی)

دہلی اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر راکھی برلا نے کہا ہے کہ محکمہ سروس نے اسمبلی میں ایم ایل اے کے پوچھے گئے سوالات کا جواب دینے سے انکار کر دیا ہے۔ اسمبلی میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں محکمہ سروس نے کہا ہے کہ وہ ان سوالوں کا جواب نہیں دے گا۔ منگل کو اسپیکر کی کرسی پر فائز راکھی برلا نے کہا کہ یہ منتخب عوامی نمائندوں کی توہین ہے۔ انہوں نے ضوابط کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آئین کے تحت کوئی بھی شخص سادہ درخواست دے کر معلومات حاصل کر سکتا ہے۔ سروس ڈپارٹمنٹ کے اس کام کو سنگین معاملہ بتاتے ہوئے ممبر اسمبلی راجیش گپتا، سومناتھ بھارتی اور اتاشی پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ کمیٹی 48 گھنٹے میں اپنی رپورٹ اسمبلی کو دے گی۔

ڈپٹی اسپیکر راکھی برلا نے کہا کہ سال 2015 سے پہلے محکمہ سروس کی جانب سے دیے گئے سوالات کے جوابات کی بھی چھان بین کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار کے حکم کی آڑ میں دہلی اسمبلی محکمہ سروس سے ممبران اسمبلی کی طرف سے پوچھے گئے تقرری، خالی اسامیاں جیسے سوالات کا جواب دینے سے انکار کر رہی ہے۔ ایم ایل اے کی جانب سے سروس ڈپارٹمنٹ سے سوالات پوچھے گئے کہ دہلی سرکار میں گریڈ 4 کے کتنے عہدے خالی ہیں، کتنے افسران کو ایس ڈی ایم کا چارج دیا گیا، ہر محکمے میں منظور شدہ عہدوں کی کتنی پوسٹیں خالی ہیں۔ دہلی سرکار کے ان تمام سوالوں کے جواب میں محکمہ سروس اسمبلی کے سوال کا جواب نہیں دے سکتا۔ جب بھی کوئی ممبر اسمبلی ایسا سوال پوچھتا ہے تو محکمہ سروس اسے تحریری طور پر دیتا ہے کہ 'مجھے یہ بتانے کی ہدایت کی گئی ہے کہ 21 مئی 2015 کو ایم ایچ اے کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت سروس کا معاملہ ایک محفوظ موضوع ہے۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر یہ محکمہ ودھان سبھا کے سوال کا جواب نہیں دے سکتا'

ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ عام طور پر معلومات کے حق کے تحت درخواست دے کر جو معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں، مرکزی سرکار اس اسمبلی کو یہ معلومات کیوں نہیں دے سکتی۔ انہوں نے دلیل دی ہے کہ سروس ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کے ٹرانسفر، پوسٹنگ، تقرری وغیرہ کا معاملہ آئین کے تحت دہلی کی منتخب سرکار کے تحت آتا ہے۔ محکمہ سروس دیگر محکموں کی طرح اسمبلی کے سامنے جوابدہ ہے۔ یہ منتخب ایم ایل اے اور اسمبلی کی توہین ہے۔ ڈپٹی اسپیکر راکھی برلا نے کہا کہ محکمہ سروس کا یہ ریمارک آئین کے خلاف ہے۔

دلیپ پانڈے کی تجویز پر اسمبلی میں مذمتی قرارداد منظور

نئی دہلی (ایس این بی)

بی جے پی کی مرکزی سرکار نے دہلی میں 53 مندروں کو گرانے کی اجازت مانگی ہے، جس کے لیے عام آدمی پارٹی کے اراکین اسمبلی نے منگل کو دہلی اسمبلی میں مذمتی تحریک منظور کی ہے۔ اسمبلی چیف وہپ دلیپ پانڈے نے مذمتی تحریک پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی مودی سرکار نے بھگوان شری رام، بھگوان شری کرشنا، ہنومان جی، بھگوان شنکر، درگا ماں، سائی بابا کے ایک یا دو نہیں بلکہ 53 مندروں کو منہدم کرنے کے لیے خط لکھے ہیں۔ بی جے پی نے بنارس، ایودھیا میں مندروں کو تباہ کیا اور اس کے بعد دہلی میں بھی بی جے پی 53 مندروں کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اب بی جے پی کی اعلیٰ قیادت کے سامنے دہلی کے عوام اور ملک کے عوام سے معافی مانگنے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں ہے۔

اس مذمتی تحریک کی حمایت کرتے ہوئے ایم ایل اے آتشی نے کہا کہ بی جے پی کی بدعنوانی کی ہوس اتنی ہے کہ وہ گھر، دکان اور بالکونی تک نہیں رکی، لیکن جس طرح کے نوٹس وہ دکانوں، مکانات کو دے رہے ہیں، اسی طرح کے نوٹس مندروں کو بھی دیے گئے ہیں۔ بی جے پی لیڈروں نے مندروں سے کہا کہ اگر آپ ہمیں اپنے چندہ کے پیسے نہیں دیں گے تو ہم آپ کے مندر پر بھی بلڈوزر چلادیں گے۔ ایم ایل اے ورندر سنگھ کادیان نے کہا کہ بی جے پی کے کسی ایم ایل اے، ایم پی نے مندر نہیں بنائے ہیں۔ میں نے اپنی اسمبلی میں کئی مندر بنانے کا کام کیا ہے۔ عام آدمی پارٹی کے ایم ایل اے مندر بناتے رہیں گے اور بی جے پی انہیں منہدم کرتی رہے گی۔

اسمبلی میں آپ ایم ایل اے دلیپ پانڈے کی مذمت کی تحریک کی مخالفت کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر رامویر سنگھ بدھوڑی نے کجریوال سرکار پر شدید حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی مندر بناتی ہے، منہدم نہیں کرتی۔ وزیراعظم نریندر مودی کی رہنمائی میں ایودھیا میں ایک عظیم الشان رام مندر تعمیر کیا جارہا ہے۔ کاشی میں ایک عظیم الشان کاریڈور بنایا گیا ہے۔

یوم آزادی کسی بھی ملک کیلئے بہت اہم ہے

روانڈا کے 28ویں یوم آزادی پر منعقد تقریب میں وزیر مملکت میناکشی لیکھی کا اظہار خیال

نئی دہلی (ایس این بی)

براعظم افریقہ کے تحت آنے والے ایک ملک روانڈا نے یہاں کے ایک ہوٹل میں اپنے 28ویں یوم آزادی کی تقریبات کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہندوستان میں روانڈا کی ہائی کمشنر جیکلن مکنگرا نے کہا کہ ہندوستان اور مشرقی افریقی ملک نے ہمیشہ بھائی چارے کے مضبوط آثار دکھائے ہیں۔ دونوں ممالک کے کئی دورے ہوئے ہیں جس سے دوطرفہ تعلقات مزید استوار ہوئے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ ہندوستان-روانڈا کے تعلقات مستقبل میں بھی مضبوط ہوتے رہیں گے۔

اس کے ساتھ ہی جیکلن مکنگرا نے روانڈا میں سرمایہ کاری پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ روانڈا میں کاروباری ماحول براعظم افریقہ کے دیگر ممالک کے مقابلے میں بہت سازگار ہے، وہاں کاروبار کے لیے رجسٹریشن اور دیگر طریق کار صرف 6 گھنٹے کی مدت میں مکمل ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ روانڈا سیاحت اور قدرتی حسن کے حوالے سے بھی اپنی طرف راغب ہو رہا ہے۔

اس موقع پر وزیر مملکت برائے امور خارجہ میناکشی لیکھی نے کہا کہ آج روانڈا کے یوم آزادی کے موقع پر حکومت ہند اور ہندوستانی عوام کی جانب سے میں روانڈا کے عوام اور وہاں کی حکومت کو مبارکباد پیش کرتی ہوں کیونکہ یوم آزادی کسی بھی ملک کے لیے بہت اہم ہے۔ روانڈا کو 28 سال قبل ایک زبردست جدوجہد کے بعد آزادی ملی اور اس کے بعد وہاں جمہوریت قائم ہوئی۔ ہندوستان اور روانڈا کو بہت پرانے دوست ممالک کے طور پر بیان کرتے ہوئے میناکشی لیکھی نے مزید کہا کہ روانڈا کے صدر پال کاگامے اور ہندوستان کے وزیراعظم نریندر مودی نے نہ صرف کووڈ-19 کی وبا کے مشکل وقت میں ایک دوسرے سے رابطے میں رہے۔ ہندوستان اور روانڈا کے قریبی تعلقات ہیں اور دونوں ممالک باہمی سرمایہ کاری کے علاوہ ترقی جیسے مختلف فورمز پر ایک ساتھ کھڑے نظر آتے ہیں۔

واضح رہے کہ یوم آزادی کے موقع پر ہندوستان اور روانڈا کے فنکاروں نے بھی ڈانس پرفارمنس دی، جہاں ہندوستانی فنکاروں نے روایتی اور لوک رقص کے انداز میں پرفارم کیا، وہیں روانڈا کے فنکاروں نے بھی مقامی انداز میں پرفارم کیا۔ دونوں ممالک کے فنکاروں کی جانب سے ایک ساتھ رنگارنگ پروگرام بھی پیش کیا گیا جسے پروگرام میں موجود لوگوں نے خوب پسند کیا۔ روانڈا کے یوم آزادی کے اس پروگرام میں یورپ اور افریقہ براعظم کے 50 سے زائد ممالک کے ہائی کمشنز اور نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

ایم ایل اے کے خلاف سی بی آئی جانچ کا الزام، برسراقتدار برہم

نئی دہلی (ایس این بی)

عام آدمی پارٹی کے ممبران اسمبلی کے سرکاری ملازمین کے تبادلوں وغیرہ کے سلسلے میں خط لکھنے پر سی بی آئی انکوائری کے الزام کو لے کر برسراقتدار کے ممبران اسمبلی نے منگل کو ایوان میں کافی ہنگامہ کیا۔ ہنگامہ آرائی کے باعث ڈپٹی اسپیکر کو اسمبلی کی کارروائی تقریباً 10 منٹ کے لیے ملتوی کرنی پڑی۔ دوبارہ شروع ہونے والی کارروائی کے دوران ڈپٹی اسپیکر راکھی برلا نے یہ کہتے ہوئے بحث کی اجازت دے دی کہ مسئلہ سنگین ہے۔ بی جے پی ممبران اسمبلی نے بغیر کسی تجویز کے بحث کی اجازت دینے پر اعتراض کیا۔ اپوزیشن کے اعتراض سے ناراض ڈپٹی اسپیکر نے مارشل کو بلایا اور بی جے پی ایم ایل اے کو باہر نکال دیا۔ بحث کے دوران نائب وزیراعلیٰ منیش سسودیا نے مرکز کی بی جے پی سرکار پر الزام لگایا کہ وہ اب اس حد تک اتر آئی ہے۔ آج یہ معاملہ ایم ایل اے سنجیو جھا نے اسمبلی میں اٹھایا تھا۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے منیش سسودیا نے الزام لگایا کہ مرکزی سرکار سی بی آئی کا غلط استعمال کر رہی ہے۔ یہ بڑی شرم کی بات ہے کہ اب اتنے چھوٹے معاملے کی بھی سی بی آئی جانچ کرے گی۔ یہ مرکزی سرکار کی طرف سے اے اے پی ممبران اسمبلی کو دھمکانے کی کوشش ہے، لیکن ہم اس سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔ ہم اس معاملے کی مذمت کرتے ہیں۔

اسمبلی میں بحث کے لیے اس تجویز کو ایم ایل اے سوربھ بھاردواج نے پیش کیا تھا۔ اس دوران سوربھ بھاردواج، سنجیو جھا، کلدیپ کمار، وشیش روی، مدن لال اور برسر اقتدار پارٹی کے دیگر ایم ایل اے نے بھی اپنی بات رکھی۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایل اے کسی کی مدد کے لیے خط بھی نہیں لکھیں گے۔ عوامی نمائندہ ہونے کے ناطے یہ ان کا حق ہے اور لوگوں نے ایم ایل اے کو صرف مدد کے لیے چنا ہے۔ برسراقتدار کے اراکین اسمبلی نے بھی اس خبر پر میڈیا سے ناراضگی کا اظہار کیا۔

اپوزیشن کی جانب سے موہن سنگھ بشٹ نے کہا کہ سچ یہ ہے کہ دہلی ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ڈی ٹی سی) کے ایک افسر نے اپنا گلا بچانے کے لیے آپ ایم ایل اے کا نام لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسر نے ایم ایل اے کا نام کیوں لیا یہ تحقیقات کا معاملہ ہے۔ دراصل کارپوریشن کے ایک جنرل منیجر سطح کے افسر کو سی بی آئی نے کچھ دن پہلے گرفتار کیا تھا۔ انہوں نے ہی اے اے پی ممبران اسمبلی کے نام لیا تھا۔

عراقی کردستان کے پروفیسر طالب کا دورۂ جامعہ ملیہ اسلامیہ

وائس چانسلر پروفیسر نجمہ اختر کے ساتھ پروفیسر طالب محمد شریف عمیر تبادلۂ خیال کرتے ہوئے

نئی دہلی (پریس ریلیز)

عراقی کردستان کے پروفیسر ڈاکٹر طالب محمد شریف عمیر نے جولائی کو پروفیسر نجمہ اختر شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ملاقات کی۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کا ان کا یہ دورہ اربیل پالی ٹکنک یونیورسٹی، وزارت اعلیٰ تعلیم اور سائنسی تحقیق، خطہ کردستان، حکومت عراق اور جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کے درمیان علمی اور تحقیقی تعاون کے امکانات کی تلاش کے لیے تھا۔

شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس علمی دورے کے لیے انھیں مبارکباد دی اور تعلیم فیکلٹی کے تبادلے اور عراق کردستان کے عراقی قومیت والے طلبا کو جامعہ ملیہ اسلامیہ میں داخلہ دینے کے سلسلے میں جملہ ممکنہ تعاون دینے کی بات کہی۔ اس کے بعد، انھوں نے 'تاریخ اور تہذیبی رواداری اور عراقی کردستان خطے میں کرد لوگوں کے ساتھ ایک ساتھ بود و باش' کے موضوع پر ایک خطبہ دیا جس میں یونیورسٹی کے سینئر فیکلٹی اراکین نے شرکت کی۔

پروفیسر عمیر نے ناٹنگھم یونیورسٹی برطانیہ سے ٹیسول میں ایم۔اے کی ڈگری لی ہے اور صلاح الدین یونیورسٹی اربیل عراق کے کالج آف لنگویجیز سے انگریزی زبان اور اطلاقی لسانیات میں پی ایچ ڈی کی ہے۔ ان کے اس علمی دورے کو انڈین کونسل آف کلچرل ریلیشنز (آئی سی سی آر) وزارت برائے امور خارجہ، حکومت ہند، نئی دہلی نے انجام دیا تھا۔

سبھی 42 کمرشل عدالتوں کیلئے کمروں کی تعمیر 6 ماہ کے اندر مکمل کی جائے: ہائی کورٹ

نئی دہلی (ایس این بی) دہلی میں 42 اضافی تجارتی عدالتوں کے قیام کے معاملے میں ہائی کورٹ نے اپنی انتظامیہ اور دہلی حکومت سمیت دیگر فریقوں کو تمام عدالتوں کی تعمیر 6 ماہ کے اندر مکمل کرنے اور ان میں بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت دی۔ چیف جسٹس ستیش چندر شرما اور جسٹس سبرامنیم پرساد کی بنچ نے ایڈووکیٹ امت ساہنی کی عرضی کو نمٹا دیا جس میں اس کے ساتھ تجارتی عدالتوں کے قیام کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ بنچ نے درخواست گزار سے کہا کہ اگر تمام عدالتیں مقررہ وقت میں کام شروع نہیں کرتی ہیں تو وہ دوبارہ عدالت میں آکر معاملہ اٹھا سکتے ہیں۔ سماعت کے دوران بنچ نے ہائی کورٹ انتظامیہ کے اس بیان کا نوٹس لیا جس میں کہا گیا تھا کہ کمرہ بننے کے بعد تمام کمرشل عدالتیں شروع کی جائیں۔ انتظامیہ نے یہ بھی کہا تھا کہ اسے حکومت کے محکمہ قانون کے ساتھ مسائل ہیں کیونکہ ہائی کورٹ کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق زیادہ تر فائلیں پچھلے کچھ سالوں سے وہاں پھنسی ہوئی ہیں۔ اس نے بنچ کو بتایا کہ 6 ہفتوں کے اندر کمرشل عدالتیں قائم کرنے کی تمام کوششیں کی جائیں گی۔ اس کے بعد بنچ نے دہلی حکومت کے اس بیان کا بھی نوٹس لیا جس میں چیف سکریٹری کی جانب سے کہا گیا تھا کہ پبلک پرسنل ڈپارٹمنٹ سے کہا گیا تھا کہ وہ مقررہ وقت کے اندر عدالتوں کی تعمیر اور ان کے حوالے کرے۔ اس کے بعد بنچ نے تمام فریقین سے کہا کہ وہ چھ ماہ کے اندر تمام عدالتوں کی تعمیر مکمل کریں۔ عرضی گزار نے 13 اپریل 2021 کو دہلی حکومت کے نوٹیفکیشن کے باوجود تجارتی عدالتوں کے قیام کے بارے میں عرضی دائر کی تھی۔

سابق وزیراعلیٰ چوٹالہ نے سزا کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا

نئی دہلی (ایس این بی) ہریانہ کے سابق وزیراعلیٰ اوم پرکاش چوٹالہ نے آمدنی سے زیادہ اثاثہ کے حصول کی 4 سال کی سزا کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے اور اپیل دائر کی ہے۔ واضح رہے کہ راؤز ایونیو کورٹ نے 27 مئی کو سزا کے علاوہ 50 لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا تھا۔ اس کے ساتھ ہی ان کی سرسا اور پنچکولہ سمیت 4 جائیدادوں کو ضبط کرنے کی ہدایت دی گئی۔ سی بی آئی نے اس معاملے میں چوٹالہ کے خلاف 2010 میں آمدنی سے زیادہ جائیداد کا مقدمہ درج کر کے چارج شیٹ داخل کی تھی۔ عدالت نے کہا تھا کہ 1993 اور 2005 کے درمیان چوٹالہ نے مفاد عامہ میں ایمانداری سے کام کرنے کے بجائے اپنے مفاد کو فروغ دینے کے لیے کام کیا۔ چوٹالہ نے سرکاری عہدوں کا غلط استعمال کرتے ہوئے اپنی آمدنی کے معلوم ذرائع سے 103 فیصد زیادہ اثاثے اکٹھے کیے ہیں۔

ریاض، طالب کے ساتھ بی جے پی کے تعلقات حیران کن: کانگریس

نئی دہلی (یو این آئی)

کانگریس نے کہا ہے کہ یہ حیرت کی بات ہے کہ بی جے پی خود کو قوم پرست کہتی ہے لیکن ادے پور کے گھناؤنے قتل کے ملزم ریاض اور جموں میں گرفتار طالبان دہشت گرد طالب حسین شاہ کے اس سے تعلقات ہیں؟ کانگریس کے ترجمان پون کھیرا نے منگل کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ یہ چونکا دینے والی بات ہے کہ پچھلے ایک ہفتے میں 2 واقعات نے بی جے پی کی چال، کردار اور چہرے کو بے نقاب کردیا ہے۔ پہلے ادے پور قتل عام میں ملوث ملزموں میں سے ایک اس کا کارکن نکلا اور پھر جموں و کشمیر میں پکڑے گئے لشکر طیبہ کے 2 دہشت گردوں میں سے ایک طالب حسین شاہ بی جے پی کا کارکن نکلا۔ ملک کے وزیر داخلہ کے ساتھ طالب کی تصاویر بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طالب ایک خطرناک دہشت گرد ہے اور اس کا منصوبہ مقدس امرناتھ یاترا کے لیے جانے والے یاتریوں پر حملہ کرنا تھا۔ کوئی سوچ سکتا ہے کہ کیا یہ بی جے پی کے لیے شرم کی بات نہیں جو قوم پرستی کی بات کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہلی یا دوسری بار نہیں ہے کہ بی جے پی لیڈر یا کارکن دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے ہوں۔ ایسے کئی واقعات ہیں۔ تقریباً 2 سال قبل بی جے پی کے سابق لیڈر اور سرپنچ طارق احمد میر کو جموں و کشمیر میں دہشت گردوں کو اسلحہ فراہم کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا اور 2017 میں اے ٹی ایس کی ٹیم نے مدھیہ پردیش میں ایک غیر قانونی ٹیلی فون ایکسچینج کا پردہ فاش کیا تھا اور آئی ایس آئی کے 11 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا تھا، جن میں ایک آئی ٹی سیل کارکن دھرو سکسینہ کو بھی شامل تھا۔ 2 سال بعد ایک بجرنگ دل لیڈر بلرام سنگھ کو مدھیہ پردیش میں دہشت گردی کی فنڈنگ کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔

اس معاملے پر بی جے پی پر حملہ کرتے ہوئے انڈین یوتھ کانگریس نے قومی راجدھانی دہلی میں مختلف مقامات پر ادے پور میں قتل کے ملزم ریاض اور جموں سے گرفتار دہشت گرد طالب کے بی جے پی سے روابط کے بینرز لگادیے ہیں۔ یوتھ کانگریس نے کہا ہے کہ بی جے پی کا نہ صرف صنعت کاروں کے ساتھ بلکہ دہشت گردوں سے بھی گٹھ جوڑ ہے۔ راجدھانی دہلی کی سڑکوں پر دہشت گردوں کے ساتھ بی جے پی کے تعلقات کو ظاہر کرنے والے بینر لگائے گئے ہیں تاکہ ملک کو ان جعلی قوم پرستوں کی حقیقت کا پتہ چل سکے۔

کورونا کے دور میں کرایہ کی ادائیگی کا معاملہ

ہائی کورٹ کا ادائیگی کے حکم پر پابندی ہٹانے سے انکار

نئی دہلی (ایس این بی)

ہائی کورٹ نے کورونا وبا کے دوران کرایہ داروں کے کرایہ کی ادائیگی سے متعلق سنگل بنچ کے حکم پر عائد پابندی اٹھانے سے انکار کر دیا۔ اس نے اسٹے کو ختم کرنے کی درخواست مسترد کردی۔ واضح رہے کہ 27 ستمبر 2021 کو سنگل بنچ نے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی حکومت کو پریس کانفرنس کر کے کرایہ ادا کرنے کا وعدہ پورا کرنے کا حکم دیا تھا۔ اس کے بعد حکومت نے سنگل بنچ کے حکم کو 2 ججوں کی بنچ میں چیلنج کیا اور اپیل دائر کی۔ اپیل کی سماعت کرتے ہوئے 2 رکنی بنچ نے سنگل بنچ کے حکم کو روک دیا تھا۔

درخواست گزاروں کے وکیل گورو جین نے چیف جسٹس ستیش چندر شرما اور جسٹس سبرامنیم پرساد کی بنچ کو بتایا کہ اسٹے کی وجہ سے مالک مکان کرایہ داروں کو کرایہ ادا کرنے پر مجبور کر رہے ہیں۔ کرایہ داروں کو وہی ادائیگی کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ اس پر بنچ نے کہا کہ یہ ایک عبوری حکم تھا جو ستمبر 2021 میں منظور کیا گیا تھا اور اسے اصول کے تحت زیادہ دیر تک جاری نہیں رکھا جا سکتا۔ اس پر دہلی حکومت کے وکیل گوتم نارائن نے کہا کہ اس روک کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا اور سپریم کورٹ نے اسے مسترد کر دیا تھا۔ روک ہٹانے سے متعلق حکم کو خارج کیا جاتا ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ اس معاملہ کی اپیل پر سماعت نومبر کے لیے طے ہے، اس معاملہ میں اسی وقت سماعت کی جائے گی۔ ستمبر 2021 میں سنگل بنچ نے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی طرف سے کرایہ ادا کرنے سے قاصر غریبوں کو کرایہ کی ادائیگی سے متعلق پریس کانفرنس میں 2 ہفتوں میں عمل درآمد کرنے کا حکم دیا تھا۔ وزیراعلیٰ نے 29 مارچ 2020 کو ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا تھا کہ حکومت ان غریبوں کا کرایہ ادا کرے گی جو اپنا کرایہ ادا کرنے سے قاصر ہیں۔

1984 کے فسادات معاملہ میں سجن کمار کو ملی ضمانت پر روک

نئی دہلی (ایس این بی)

ہائی کورٹ نے 1984 کے سکھ مخالف فسادات سے متعلق قتل معاملہ میں کانگریس کے سابق لیڈر سجن کمار کو ضمانت دینے کے ٹرائل کورٹ کے حکم پر روک لگادی ہے۔ جسٹس یوگیش کھنہ نے خصوصی تفتیشی ٹیم (ایس آئی ٹی) کی اپیل پر سجن کمار کو نوٹس جاری کیا اور انہیں یہ بتانے کی ہدایت دی کہ انہیں دی گئی ضمانت کیوں منسوخ نہ کی جائے۔ مزید سماعت 15 جولائی تک ملتوی کردی گئی۔ ایس آئی ٹی نے سرسوتی وہار پولیس اسٹیشن میں درج فسادات اور قتل معاملہ میں سجن کمار کو ٹرائل کورٹ کی طرف سے دی گئی ضمانت کے حکم کو چیلنج کیا ہے۔ ملزم سجن کمار پہلے ہی اس وقت کی وزیر اعظم اندرا گاندھی کے قتل کے بعد ہونے والے فسادات کے دوران قتل کے ایک اور کیس میں عمر قید کی سزا کاٹ رہے ہیں۔ مرکزی سرکار کے وکیل اجے ڈگ پال نے عدالت کو بتایا کہ ملزم ایک گھناؤنے جرم میں ملوث تھے۔ بعض اہم گواہوں کے بیانات قلمبند ہونا باقی ہیں اور اگر انہیں ضمانت پر رہا کیا گیا تو وہ شواہد کو متاثر کر سکتے ہیں۔

مودی بصیرت افروز پالیسی ساز لیڈر: ایس جے شنکر

ڈی یو میں 'مودی 20: ڈریمز میٹ ڈیلیوری' پر منعقد مذاکرہ میں مرکزی وزیر خارجہ کا اظہار خیال



نئی دہلی (ایس این بی) مودی نئی سوچ، نئے خیالات اور اصلاحات کا دور لے کر آئے ہیں۔ جب مودی کو بین الاقوامی تعلقات میں نوآموز سمجھا جاتا تھا تو انہوں نے 2014 میں اپنی حلف برداری کی تقریب میں پڑوسی ممالک کے عالمی رہنماؤں کو بطور مہمان مدعو کر کے دنیا کو پیغام دیا۔ اس سے خارجہ تعلقات اور سفارت کاری کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ مودی اپنی بصیرت افروز پالیسی ساز والے لیڈر ہیں اور انجان راستے پر چلنے سے کبھی نہیں ڈرتے ہیں۔ مرکزی وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے منگل کو دہلی یونیورسٹی کے زیر اہتمام کتاب 'مودی 20: ڈریمز میٹ ڈیلیوری' پر ایک خصوصی گفتگو میں مہمان خصوصی کے طور پر ان خیالات کا اظہار کیا۔ اس پروگرام کی صدارت ڈی یو کے وائس چانسلر پروفیسر یوگیس سنگھ نے کی۔ یہ پروگرام ڈی یو کی طرف سے صد سالہ تقریبات کے دوران منعقدہ تقریبات کے ایک حصے کے طور پر منعقد کیا گیا تھا۔ مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ کتاب موجودہ وزیراعظم کی سوانح عمری نہیں ہے بلکہ ایک غیر معمولی کتاب ہے جسے موجودہ کابینہ کے وزیر اور موجودہ این ایس اے سے لے کر تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے مل کر لکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کتاب قیادت کی ایک ایسی نسل کا احاطہ کرتی ہے جس نے حکمرانی کے سفر کو وزیراعلیٰ سے وزیراعظم تک کا سفر طے کیا ہے۔ پروگرام کے آغاز میں ڈی یو کے وائس چانسلر پروفیسر یوگیش سنگھ نے ایس جے شنکر اور دیگر مہمانوں کا استقبال کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ اپنی ذاتی گفتگو کے ایسے قصے بھی سنائے جن میں وہ ایک رہنما اور ہمدرد انسان کے طور پر نظر آتے ہیں۔ وائس چانسلر نے کہا کہ معاشرے اور ملک کی مجموعی بھلائی ہی انہیں اور ان کی پالیسیوں کو آگے بڑھاتی ہے۔ ایک قومی لیڈر کا پہلا اور اہم کام قومی سلامتی کو یقینی بنانا اور ہماری سرحدوں کو محفوظ رکھنا ہے۔

کالی پوسٹر تنازع: لینا کے خلاف رپورٹ درج

نئی دہلی (یو این آئی) دہلی پولیس نے فلم پروڈیوسر لینا منی میکلن کے خلاف معاملہ درج کیا ہے۔ فلم پروڈیوسر نے ایک دستاویزی فلم کا پوسٹر جاری کیا تھا، جس میں دیوی کالی کو تمباکو نوشی کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ لینا نے اپنی دستاویزی فلم کالی کا ایک پوسٹر شیئر کیا، جس میں پیچھے ایل جی بی ٹی کیو کمیونٹی کا جھنڈا بھی دکھ رہا ہے۔ دہلی پولیس نے کہا کہ ایک پوسٹر کے سلسلے میں دہلی پولیس کو شکایت ملی ہے۔ ابتدائی معلومات میں آئی پی سی کی دفعہ 153اے 295/اے کے تحت جرم کیا گیا ہے، جس کے لئے اسپیشل سیل میں معاملہ درج کیا گیا ہے۔ لینا کو لوگوں کے مذہبی جذبات مجروح کرنے کے لئے تنقید کرنا پڑ رہا ہے۔ لوگوں نے ان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

عمران حسین نے گرودوارہ اکال برگہ صاحب میں حاضری دی

نئی دہلی (ایس این بی)

دہلی کے وزیر خوراک و رسد عمران حسین نے منگل کو بلیماران میں واقع گرودوارہ اکال برگہ صاحب میں دسمن بابا ہمت سنگھ جی کے سالانہ مشترکہ میلے میں شرکت کی۔ انہوں نے دسمن بابا ہمت سنگھ جی کی انسان دوست زندگی کی قیمتی تاریخ کو یاد کیا۔ اس دوران بلیماران کے ممبر اسمبلی عمران حسین نے گرودوارہ صاحب میں سر جھکایا اور دہلی اور ملک کے لوگوں کے لیے دعا کی کہ سب کی زندگی میں خوشیاں اور خوشحالی آئے۔ اس دوران علاقہ کے کئی لوگوں نے ان کے ساتھ دعا میں حصہ لیا۔

ڈی ٹی یو میں کیفے ٹیریا اور کمپیوٹر سینٹر کا افتتاح

نئی دہلی (ایس این بی)

دہلی ٹیکنولوجیکل یونیورسٹی میں طلبا کی سہولت کے لیے کیفے ٹیریا اور ایک نیا کمپیوٹر سینٹر شروع کیا گیا ہے۔ منگل کو ڈی ٹی یو کے وائس چانسلر پروفیسر جے پی سینی نے ان دونوں سہولیات کا باقاعدہ افتتاح فیتہ کاٹ کر کیا۔ کیفے ٹیریا بھون کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں اچھا تعلیمی ماحول ہونے کے علاوہ طلبا کے لیے مناسب کیٹرنگ کا انتظام ہونا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی کیفے ٹیریا کا بھی جائزہ لیا اور خوشی کا اظہار کیا کہ یہ ڈی ٹی یو کے طلبا کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوگا۔

ڈی ٹی یو کے چیف پروجیکٹ آفیسر پروفیسر امت سریواستو نے جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ اس کیفے ٹیریا کی تعمیر پر تقریباً 50 لاکھ روپے لاگت آئی ہے جس میں کچن کے آلات سے لے کر اے سی اور فرنیچر وغیرہ تک ہر چیز شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس میں تقریباً 5 درجن افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے جبکہ پارک کے باہر بھی بہت سے لوگوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔ یہ کسی ٹھیکیدار نے نہیں بلکہ ڈی ٹی یو کے انجینئرنگ سیل نے تعمیر کیا ہے۔ اس کے ساتھ انہوں نے بتایا کہ کیفے ٹیریا کے افتتاح سے قبل وائس چانسلر پروفیسر جے پی سینی نے ڈی ٹی یو نالج سینٹر میں 178 طلبا کی گنجائش والے کمپیوٹر سینٹر کا بھی افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈی ٹی یو کے رجسٹرار پروفیسر مدھوسودن سنگھ کے ساتھ تمام ڈین اور شعبوں کے سربراہان وغیرہ موجود تھے۔

دہلی پولیس نے لاپتہ بچہ کو گھر والوں سے ملوایا

نئی دہلی (ایس این بی)

دہلی پولیس کے آپریشن ملاپ کی ہر طرف ستائش ہو رہی ہے۔ آپریشن ملاپ کے تحت دہلی پولیس نے اب تک ہزاروں خاندانوں کو کھوئی ہوئی خوشیاں واپس کردی ہیں۔ بیرونی شمالی ضلع کے اے ایچ ٹی یو سیل نے بھی اب تک تقریباً ڈھائی سو لاپتہ بچوں کو ان کے خاندانوں سے ملایا ہے۔ اس بار سیل نے ایک 12 سالہ بچے کو اپنے گھر والوں سے ملوایا ہے۔ اہل خانہ نے دہلی پولیس کا شکریہ ادا کیا ہے۔

پولیس حکام نے بتایا کہ 14 جون کو ایک 12 سالہ لڑکے کی گمشدگی کی رپورٹ نریلا پولیس اسٹیشن میں اس کے اہل خانہ نے درج کرائی تھی۔ گھر والوں نے پولیس کو بتایا تھا کہ 12 جون کو شام 5.30 بجے وہ بغیر بتائے گھر سے نکل گیا تھا۔ بہت تلاش کرنے کے باوجود وہ نہیں ملا۔ بچہ ذہنی طور پر بھی کمزور ہے اور اسے ٹھیک سے بولنا بھی نہیں آتا ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی لیکن بچے کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہے۔ بچے کو کسی غلط شخص کے ہاتھ لگنے سے بچانے کے لیے یہ معاملہ اے ایچ ٹی یو برانچ کو سونپ دیا گیا۔ اے سی پی دنیش شرما کی نگرانی میں انسپکٹر راکیش ملک کی ہدایت پر پولیس ٹیم کو بچے کی تلاش کا کام سونپا گیا۔ لواحقین سے پوچھ گچھ کے بعد علاقہ میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کو اسکین کیا گیا۔ ہیومن سورس کی مدد لی گئی۔ بچے کی تلاشی ریلوے اسٹیشنوں اور بس اسٹینڈوں پر کی گئی۔ اس کے ساتھ دہلی کے کئی چلڈرن ہوم سے بھی رابطہ کیا گیا، جہانگیر پوری میں واقع پریاس چلڈرن ہوم سے پتہ چلا کہ بچہ میور وہار چلڈرن ہوم میں ہے، جسے یہاں لایا گیا تھا۔ فوری طور پر موقع پر پہنچ کر بچے کو بحفاظت اہل خانہ کے ساتھ نریلا پولیس کے حوالے کردیا گیا۔